# سائپرس کے وفد کی ملاقات

☆ بعد ازاں حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز اپنے دفتر میں تشریف لے آئے۔ جہاں پروگرام کے مطابق ملک سائپرس سے آنے والے وفد نے ملاقات کا شرف پایا۔

☆ سائپرس سے وہاں کے صدر جماعت Rami Shaher Jebrin Aljabari صاحب اپنی اہلیہ اور پوتی کے ساتھ آئے تھے۔

☆ حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز نے صدر صاحب کی اہلیہ اور پوتی سے دریافت کیا کہ آپ کو جلسہ کیسا لگا۔ یہ دونوں پہلی دفعہ یُو کے آئی تھیں اور جلسہ میں شامل ہوئی تھیں۔ ان دونوں نے بتایا کہ جلسہ میں شامل ہو کر ہمیں بہت خوشی ہوئی ہے۔ یہ ہماری زندگی کا پہلا تجربہ تھا۔ ہم نے پہلی مرتبہ اس طرح بڑی تعداد میں احمدیہ کمیونٹی کو دیکھا ہے۔ بڑا اچھا ماحول تھا۔ ہر طرف سکون تھا۔ ہر کوئی خدمت پر مامور تھا۔ ہمارا بڑا اچھا خیال رکھا گیا۔

☆ صدر صاحب سائپرس نے بتایا کہ وہ اگرچہ پہلے یُو کے آکر حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز سے شرفِ ملاقات پا چکے ہیں اور یہاں جماعتی مہمان کے طور پر قیام کر چکے ہیں۔ لیکن جلسہ سالانہ میں شرکت کا یہ ان کا پہلا موقع تھا اور پہلا تجربہ تھا۔ ہم نے یہاں بہت کچھ سیکھا ہے۔ حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز کے خطابات نے ہم پر گہرا اثر چھوڑا ہے۔ واپس جا کر ہم اپنے حلقہ احباب میں لوگوں کو جلسہ کے بارہ میں بتائیں گے۔

☆ سائپرس کے وفد کی حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز سے یہ ملاقات ایک بج کر بیس منٹ پر ختم ہوئی۔ آخر پر وفد کے ممبران نے حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز کے ساتھ تصویر بنوانے کا شرف پایا۔